# 14248 ـ ولادت کے وقت لڑکی کے بال مونڈنا، اور بال لمبے کرنے کی رغبت سے بال مونڈنا

**سوال**

ولادت کے وقت یا بعد میں بال لمبے ہونے کی رغبت سے لڑکی کے بال مونڈنے کا حکم کیا ہے ؟
اور کیا لڑکوں کی طرح ولادت کے بعد ساتویں روز لڑکی کے بال مونڈنا بھی مسنون ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

لڑکے کی طرح ولادت کے ساتویں روز لڑکی کے بال مونڈنا سنت نہیں، لیکن کسی مصلحت کی خاطر جو سائلہ نے بیان بھی کی ہے جب یہ مصلحت صحیح ہو تو اہل علم کا کہنا ہے کہ لڑکی کے بال مونڈنا مکروہ ہے.

لیکن یہ کہا جا سکتا ہے کہ: جب یہ ثابت ہو جائے کہ اس طرح اس کے بال لمبے ہونگے، اور زیادہ گھنے بھی ہونگے تو اس میں کوئی حرج نہیں، کیونکہ یہ بات معروف ہے کہ ضرورت کے وقت مکروہ کی کراہت ختم ہو جاتی ہے " اھـ

فضیلۃ الشیخ ابن عثیمین .